# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 27 August 2026**
**Time : 12:30 / PM**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انوارالحق۔

**PM** کھیلو انڈیا

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے پچھلے **12** برسوں کے دوران کھیلوں کے شعبے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ نیشنل سپورٹس ڈے کی تقریبات کے سلسلے میں ملک بھر میں منعقد کئے گئے کھیلو انڈیا ڈائلاگ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے کھلاڑیوں کو آج سے ہی **2036** کے اولمپک مقابلوں کیلئے تیاریاں شروع کرنی چاہئیں۔

**------CUT 1-------**

وزیر اعظم نے جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والی پیرا اولمپک تیر انداز شیتل دیوی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے **2024** کے پیرا اولمپک میں میڈل جیت کر جموں وکشمیر اور ملک کا نام روشن کیا۔

**----CUT 2-----**

''میرا یوا بھارت'' کے اہتمام سے منعقدہ اس تقریب کے آغاز میں کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے ملک کے کھیل منظر نامے کا خاکہ پیش کیا۔ قابل ذکر ہے کہ نیشنل سپورٹس ڈے **29** اگست سنیچر وار کو منایا جارہا ہے۔

## نیتی آیوگ

جموں وکشمیر کے دورے پر آئے نیتی آیوگ کے ممبر ڈاکٹر ایم سری نواس کی سربراہی میں آیوگ کی ایک ٹیم آج سرینگر میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو اور یوٹی انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کر رہی ہے۔ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے مطابق میٹنگ میں جموں وکشمیر کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے سے متعلق آیوگ کے جائزہ رپورٹ پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے جبکہ مستقبل کی ترقی کیلئے لائحہ عمل ترتیب دینے پر بھی غوروخوض ہورہا ہے۔اس سے قبل سرینگر پہنچنے کے فوراً بعد ٹیم کے ارکان نے کل لوک بھون میں لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ٹیم نے یوٹی کے مجموعی ترقی منظرنامے کے جامع جائزے کے بارے میں ایل جی کو مفصل جانکاری دی۔لیفٹننٹ گورنر نے نیتی آیوگ کی جانب سے جائزہ رپورٹ تیار کرنے پر آیوگ کی سراہنا کی اور حالیہ برسوں کے دوران یوٹی میں شروع کئے گئے ترقیاتی اہداف کے بارے میں آیوگ کے ارکان کو آگاہ کیا۔

## نیپال

نیپال میں کل صبح زلزلے کے بعد آئے اچانک سیلابی ریلے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **162** ہوگئی ہے۔تازہ ترین تفصیلات کے مطابق **300** بھارتی سیاحوں سمیت ہزاروں افراد ابھی بھی لاپتہ ہیں۔سیلاب کے نتیجے میں سرکاری اور عوامی املاک کو بھی کافی نقصان پہنچا ہے۔بھارت نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دس ٹن ریلیف کا سازوسامان نیپال روانہ کیا ہے۔

## پیاز سپلائی

مرکزی سرکار نے مستقبل قریب میں بازاروں میں پیاز کی بلاخلل دستیابی اور نرخوں کی اعتدالی کو یقینی بنانے کیلئے بفرسٹاک میں سے پیاز کی سپلائی کا عمل شروع کیا ہے۔امورصارفین،خوراک اورعوامی تقسیم کاری کی وزارت نے کہا ہے کہ اس عمل کا مقصد آنے والے مہینوں میں گھریلو بازار میں پیاز کی مانگ کو پورا کرنا ہے۔وزارت نے کہا ہے کہ سال **2025-26** میں پیاز کی پیداوار **307** لاکھ میٹرک ٹن سے تجاوز کرنے کی امید ہے۔وزارت نے کہا ہے کہ پیاز کی پہلی کھیپ لے کر کاندھا ایکسپریس ناسک سے نئی دلی کیلئے روانہ ہوئی ہے۔امید ہے کہ **800** میٹرک ٹن پیاز لے کر یہ ریل گاڑی آج شام دیر گئے یا کل صبح تک نئی دلی پہنچ جائے گی۔

## میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے دوسرے دن آج بھی وادی کی بیشتر مساجد، خانقاہوں اور بقعہ جات میں میلاد مجالس کا انعقاد ہو رہا ہے، جن میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔ آثار شریف درگاہ حضرتبل اور دیگر بقعہ جات میں آج بھی نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ اور دیگر تبرکات کی زیارت کرائی جا رہی ہے۔

## عرس

بلند پایہ ولی حضرت سید محمد علی عالی بلخی رحمتہ اللہ کا سالانہ عرس مبارک کل 28 اگست کو منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج اُن کے آستان عالیہ واقع پکھر پورہ میں نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی مجلس منعقد ہوگی۔ کل نماز پنجگانہ کے بعد وہاں تبرکات کی زیارت کرائی جائے گی۔

## امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے تین نئے فوجداری قوانین کی صد فیصد عمل آوری کو اگلے ایک سال کے اندر یقینی بنانے کی ڈیڈ لائن رکھی ہے۔ نئی دلی میں نیشنل سیکورٹی سٹریٹیجیز کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے سال 2047 تک وکست بھارت کا ہدف مقرر کیا ہے اور ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے داخلی سلامتی کا فعال نظام ہونا لازمی ہے۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔